# 26-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعظم نریندر مودی نے اپنے اس امید کا اظہار کیا کہ ملک کے نوجوان اپنی صلاحیت اور قابلیت کے ذریعہ وکست بھارت کے مقصد کو پورا کریں گے۔

۲۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ ریاستی اور مرکزی حکومتیں غریب عوام کو بہتر طبی سہولتیں فراہم کرنے کیلئے خصوصی دلچسپی دے رہے ہیں۔

۳۔ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے سرپنچوں سے کہا کہ وہ حکومت کی جانب سے عمل میں لائے جانے والی فلاح و بہبود کی اسکیمات کو مستحق خاندانوں تک پہنچانے میں اہم رول ادا کریں۔

اور

۴۔محکمہ موسمیات نے کہا کہ آئندہ دو دنوں کے دوران ریاست کے بعض مقامات میں اقل ترین درجہ حرارت معمول سے دو تا تین ڈگری کم ریکارڈ ہونے کے امکانات ہیں۔

Weather

محکمہ موسمیات نے کہا کہ ریاست میں مشرق اور شمال مشرق سے سرد لہریں چلنے کے امکانات ہیں۔ آئندہ دو دنوں کے دوران ریاست کے بعض مقامات میں اقل ترین درجہ حرارت معمول سے دو تا تین ڈگری کم ریکارڈ ہونے کے امکانات ہیں۔

GHMC

گریٹر حیدرآباد میں بارہ زونس اور 60 سرکلس قائم کئے گئے ہیں۔اب تک 150 وارڈ تھے اس میں 300 وارڈ تک توسیع کی گئی ہے۔اس ضمن میں ریاستی حکومت نے ایک گزٹ جاری کیا۔قطب اللہ

پور زون میں سب سے زیادہ سات زون قائم کئے گئے ہیں۔شیر لنگم پلی،کوکٹ پلی، چار مینار، ایل بی نگر، خیریت آباد، سکندرآباد زونوں کو برقرار رکھتے ہوئے اضافی طور پر قطب اللہ پور، ملکا جگری، ایل، شمس آباد، گولکنڈہ، راجندر نگر زونس قائم کئے گئے ہیں۔ نئے زونوں کیلئے کمشنرس کا بھی تقرر کیا گیا ہے۔اس کے بعد گریٹر حیدرآباد میں نئی حد بندی کے کام کو مکمل ہونے کا حکومت نے اعلان کیا۔

ias transfers

ریاستی حکومت کئی ایک آئی اے ایس عہدیداروں کے تبادلہ کی ہے۔بعض گروپ ون کے عہدیداروں کو اضافی ذمہ داری دی گئی ہے۔جی ایچ ایم سی میں زونوں کو زونل کمشنر کا بھی تقرر کیا گیا ہے۔اس ضمن میں ریاستی چیف سکریٹری راما کرشنا راؤ نے احکامات جاری کئے۔وزیراعلیٰ کے دفتر میں صنعت کے سی او کے طور پر خدمات انجام دینے والے سینئر آئی اے ایس عہدیدار جیش رنجن کو میٹروپولٹین ایریا اور ایچ ایم ڈی اے کے حدود کیلئے شہری ترقیاتی محکمہ کے اسپیشل سکریٹری کے طور پر نامزد کیا گیا ہے۔

Handicaps

مختلف مسابقتی امتحانات میں کامیابی حاصل کرنے والے جسمانی معذورین نے اپنے اسپیشل ایڈوکیٹر کے کامیابی کو آج حیدرآباد میں منعقد کیا۔جسمانی معذورین کے فلاح و بہبود اور ان کو بااختیار بنانے کیلئے کام کرنے والے ڈاٹ رائز فاؤنڈیشن کے بانی اور دیگر جسمانی معذورین نے سرکاری ملازمتیں حاصل کرنے کے لئے تربیت دینے والے کے سرینواس ریڈی کو تہنیت پیش کی۔تلنگانہ پبلک سرویس کمیشن کے چیرمین بی وینکٹیشم اور مختلف اہم شخصیات نے اس پروگرام میں شرکت کی۔

Bal Puraskar

ملک کے دارالحکومت دہلی میں پردھان منتری راشٹرا بال پرسکار پروگرام شاندار پیمانے پر منعقد ہوا۔ وگیان بھون میں منعقد کئے گئے اس پروگرام میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے بچوں میں ایوارڈس تقسیم کئے۔ یہ ایوارڈس تہذیب و ثقافت ، ماحولیات ، کھیلوں ، آرٹ جیسے 6 شعبوں میں بہترین مظاہرہ کرنے والوں کو دئے گئے۔

Prabhakar

فون ٹیپنگ کیس کے اہم ملزم ایل آئی بی کے سابقہ چیف پربھاکر راؤ کی کسٹوڈیل تحقیقات ختم ہوئی ہے۔ آج سرکاری دواخانہ میں ان کے طبی معائنے کروائے گئے۔ بعدازاں پربھاکر راؤ اپنے مکان کو چلے گئے۔ فون ٹیپنگ کیس میں 14 دنوں تک SIT کے عہدیداروں نے ان سے تحقیقات کی ہے۔

Nirmal Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے عادل آباد شہر کے ریمس ہاسپٹل میں تقریباً 23 کروڑ کی لاگت سے تعمیر کئے گئے 50 بستروں والے کریٹیکل کیر سنٹر کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ضلع کے انچارج منسٹر جوپلی کرشنا راؤ بھی موجود تھے۔ اس موقع پر کشن ریڈی نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ریاستی اور مرکزی حکومت غریب عوام کو بہتر طبی سہولتیں فراہم کرنے کیلئے خصوصی دلچسپی دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی اور ریاستی حکومتیں اپنے تعاون کے ذریعہ عادل آباد ضلع کی ترقی کیلئے بھی کوشش کررہے ہیں۔

Ponnam Prabhakar

گجویل اسمبلی حلقہ میں نومنتخب سرپنچوں کی تہنیتی تقریب منعقد ہوئی۔اس تقریب میں ریاستی وزرائ پونم پربھاکر، وویک وینکٹ سوامی نے شرکت کی۔اس موقع پر سرپنچوں کو تہنیت بھی پیش کی گئی۔ ریاستی وزرائ نے اِس موقع پر بات کرتے ہوئے سرپنچوں سے کہا کہ وہ حکومت کی جانب سے عمل میں لائے جانے والی فلاح و بہبود کی اسکیمات کو مستحق خاندانوں تک پہنچانے کی کوشش کریں۔انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت عوام اور ریاست کی ترقی کیلئے کئی ایک اقدامات کررہی ہے۔

Mahboobnagar Dist Police

محبوب نگر ضلع ایس پی جانکی نے کہا کہ محبوب نگر ضلع میں جرائم کے واقعات میں کمی آرہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کی جانب سے کی جانے والی خصوصی کارروائی کی وجہ سے جرائم کے واقعات کم ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال کے مقابل ضلع میں پانچ فیصد جرائم کے واقعات میں کمی آئی ہے۔

Sound Byte SP

CPI

بھارتہ کمیونسٹ پارٹی۔سی پی آئی۔کی سوسالہ یوم تاسیس تقریبات حیدرآباد کے سی پی آئی کے دفتر مخدوم بھون میں منعقد کی گئی۔اس موقع پر رکن اسمبلی کونم نینی سامبا شیوا راؤ نے پارٹی کے پرچم کو لہرایا اور اس موقع پر انہوں نے شہیدوں کو خراجِ عقیدت بھی پیش کیا جبکہ ریاست کے تمام اضلاع کے ہیڈکوارٹر، اہم شہروں اور دیہی سطح پر بھی پارٹی کی یوم تاسیس تقریبات بڑے پیمانے پر منائی جارہی ہے۔

Jupally

ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے نافذ کے ذریعہ فوری طور پر سویابین کی خریداری کرنے مرکزی حکومت سے مطالبہ کیا۔اس ضمن میں انہوں نے مرکزی وزیر کشن ریڈی کو ایک یادداشت بھی پیش کی۔اِس موقع پر دونوں قائدین نے کسانوں کے مسائل پر تبادلہ خیال بھی کیا۔کسانوں کے مسائل کو حل کرنے کے لئے خصوصی توجہ دینے مرکزی وزیر کشن ریڈی سے مطالبہ کیا۔

Assembly

ریاستی قانون ساز اسمبلی اور قانون ساز کونسل کے اجلاس کا آغاز اس مہینہ کی 29 تاریخ سے ہوگا۔اس سلسلہ میں گورنر جشنو دیو ورما نے گزٹ نوٹیفکیشن جاری کیا۔اس نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ 29 تاریخ کی صبح ساڑھے دس بجے قانون ساز اسمبلی اور قانون ساز کونسل کا اجلاس شروع ہوگا۔اس اجلاس میں آبپاشی کے علاوہ دیگر کئی ایک مسائل پر مباحث ہونے کے امکانات ہیں۔

PM - Bal Puraskar

ملک کے دارالحکومت دہلی میں پردھان منتری راشٹریہ بال پرسکار پروگرام منعقد ہوا۔اس پروگرام میں وزیر اعظم نریندر مودی نے شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے کہا کہ زین زی کے نوجوان خوداعتمادی کے ساتھ تمام شعبوں میں شاندار مظاہرہ کررہے ہیں۔انہوں نے اپنے اس امید کا اظہار کیا کہ ملک کے نوجوان اپنی صلاحیت اور قابلیت کے ذریعہ وکست بھارت کے مقصد کو پورا کریں گے۔

Railway

محکمہ ریلوے کی جانب سے اضافہ کئے گئے چارجس آج سے نافذ العمل ہوئے ہیں۔ ہر کلومیٹر کیلئے ایک پیسہ اضافہ کیا گیا ہے جبکہ سبربن مسافروں اور سیزنل ٹکٹ رکھنے والوں پر کوئی مالی بوجھ عائد نہیں کیا گیا۔ عام اور پریمیم ٹرینوں میں یہ اضافہ کئے گئے چارجس پر عمل ہوگا۔ ریزرویشن فیس سوپر فاسٹ چارجس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔ یہ بات محکمہ ریلوے کے عہدیداروں نے بتائی۔

Rajanna Sircilla

سرسلہ شہر بی جے پی کے دفتر میں ویربال دیوس پروگرام منایا گیا۔ اس موقع پر بی جے پی کے ضلع صدر ریڈابوئنی گوپی نے بات کرتے ہوئے کہا کہ دسویں سکھ طبقہ کے گرو، گرو گوند سنگھ جی کے صاحبزادوں کی غیر معمولی ہمت کو یاد کرتے ہوئے اس دن کو منایا جاتا ہے۔ آج کی نسل میں حوصلہ و ہمت پیدا کرنا ویربال دیوس پروگرام کا اہم مقصد ہے۔

BRS

بی آر ایس کے صدر و سابق وزیراعلیٰ کے سی آر نے اپنی رہائش گاہ پر پارٹی کے قائدین اور ارکانِ اسمبلی کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔ اس اجلاس میں اس مہینہ کی 29 تاریخ سے شروع ہونے والے اسمبلی اجلاس میں اختیار کی جانے والی حکمتِ عملی اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا۔ سابق وزیراعلیٰ کے سی آر نے نلگنڈہ، رنگاریڈی، محبوب نگر سے آنے والے پارٹی قائدین کے ساتھ آبپاشی کے شعبہ پر اختیار کی جانے والی پالیسی اور حکمت پر تبادلہ خیال کیا۔ کرشنا کے پانی میں تلنگانہ کے ساتھ ہونے والی ناانصافی پر اسمبلی کے اجلاس میں آواز اٹھانے پارٹی کے ارکانِ اسمبلی کو ہدایت دی۔

CM - Manmohan

ملک کے سابق وزیراعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کی پہلی برسی کے موقع پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اپنی رہائش گاہ پر عظیم قائد و سابق وزیراعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کی تصویر پر پھول پیش کرتے ہوئے خراجِ عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر وزیراعظم نے ڈاکٹر منموہن سنگھ کی جانب سے ملک کیلئے انجام دی گئی خدمات کو بھی یاد کیا جبکہ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ، وزیراعلیٰ کے مشیر نریندر ریڈی نے بھی سابق وزیراعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

OO